# فیضؔ احمد فیضؔ

(1911ء – 1984ء)



فیضؔ سیالکوٹ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم چرچ مشن اسکول، سیالکوٹ سے حاصل کی۔ انگریزی سے ایم۔اے کرنے کے بعد امرتسر کے ایک کالج میں لیکچرر مقرّر ہوئے۔ بعد میں انھوں نے فوج میں ملازمت کی۔ پھر انگریزی صحافت میں سرگرم رہے۔ انھیں 'راولپنڈی سازش کیس' میں شریک ہونے کی جرم میں کئی سال تک قید وبند کی سزا بھی بھگتنی پڑی۔ فیضؔ کا انتقال لاہور میں ہوا۔

فیضؔ غزل اور نظم دونوں میں ممتاز ہیں۔ انھوں نے غزل کی کلاسیکی روایت سے استفادہ کیا اور اسے انقلابی فکر سے ہم آہنگ کر کے ایک بالکل نئی کیفیت پیدا کی۔ فیضؔ اہم ترین ترقی پسند شاعر تھے۔ انھوں نے جلاوطنی کی زندگی بھی گزاری لیکن وہ حق وانصاف کے لیے برابر آواز اُٹھاتے رہے۔ ان کی شاعری میں دردمندی، دل آویزی اور تاثیر ہے۔ مختلف زبانوں میں ان کے کلام کے ترجمے ہو چکے ہیں۔ ان کے مجموعے 'نقشِ فریادی'، 'دستِ صبا'، 'زنداں نامہ'، 'دستِ تہِ سنگ'، 'سرِ وادیٔ سینا'، 'شامِ شہرِ یاراں' اور 'مِرے دل مِرے مسافر' وغیرہ ہیں۔ ان کا کلّیات 'نسخہ ہائے وفا' کے نام سے شائع ہوا۔

© NCERT not to be republished

# بول

بول ، کہ لب آزاد ہیں تیرے
بول، زباں اب تک تیری ہے
تیرا سُتواں جسم ہے تیرا
بول کہ جاں اب تک تیری ہے
دیکھ کہ آہن گر کی دکاں میں
تُند ہیں شعلے، سرخ ہے آہن
کھُلنے لگے قُفلوں کے دہانے
پھیلا ہر اک زنجیر کا دامن
بول، یہ تھوڑا وقت بہت ہے
جسم وزباں کی موت سے پہلے
بول، کہ سچ زندہ ہے اب تک
بول، جو کچھ کہنا ہے کہہ لے

فیض احمد فیضؔ

© NCERT not to be republished

# مشق

## لفظ و معنی

سُتواں : سیدھا۔ عام طور پر یہ لفظ 'ستواں' سیدھا اور سیدھی ناک کے لیے بولا جاتا ہے (جیسے ستواں ناک) لیکن شاعر نے یہاں 'ستواں جسم' لکھا ہے۔

آہن گر : لوہار

تُند : تیز

آہن : لوہا

دہانہ : دہن، جبڑے

## غور کرنے کی بات

- اس نظم میں اظہارِ خیال کی آزادی پر زور دیا گیا ہے۔
- دنیا میں حق و باطل کی جنگ برابر جاری رہتی ہے لیکن دنیا کی فلاح کے لیے حق یعنی سچ کا زندہ رہنا بہت ضروری ہے۔
- سچ کو زندہ رکھنے کے لیے جدو جہد کرنی پڑتی ہے اور آزادیٔ اظہار کی ضرورت ہوتی ہے۔
- سچ کو دبانے کے لیے سچ کے خلاف بہت سی طاقتیں اپنا کام کرتی رہتی ہیں۔ انھیں کُچلنا ضروری ہے اور اس کے لیے حق بات بولتے رہنا لازمی ہے۔

## سوالوں کے جواب لکھیے

1. وہ کون سے حالات ہیں جن کے خلاف انسان کا بولنا ضروری ہے؟

© NCERT not to be republished

2. بولنا فوری طور پر کیوں ضروری ہے؟ اور اسے کیوں نہیں ٹالا جا سکتا ؟

3. تمام مخالفتوں کے باوجود ایک چیز بولنے والے کے حق میں ابھی باقی ہے، وہ کیا ہے؟

## عملی کام

- اس نظم کو بلند آواز سے پڑھیے اور زبانی یاد کیجیے۔
- نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

© NCERT not to be republished